# SECOND TERMINAL EVALUATION 2016 - 17

**First Language - Part I (URDU)**

**STD IX - Answer Key**

Prepared by : Faisal Vafa, HSA Urdu, GHS Chalissery, Palakkad - 679536
9846907761, faisalvafa@gmail.com

1. نیچے چند شاعروں اور افسانہ نگاروں کے نام دیے گئے ہیں ۔ ان میں سے شاعروں کے نام چن کر لکھیے ۔ 2

(الطاف حسین حالی ، پریم چند، زہرہ بتول ، فرحت اللہ بیگ )

☆ الطاف حسین حالی ، زہرہ بتول

2. ڈراما 'بیساکھی' آپ نے پڑھا ہے نا؟ محنت مزدوری کی اہمیت پر یہ ڈراما کتنا دلکش ہے!

a) بچّو، اس ڈراما کے دو کرداروں کے نام لکھیے ۔ 1

☆ یوسف، گڈّو، ماسٹر صاحب (ان میں دو نام لکھ سکتے ہیں)

b) پسندیدہ ایک کردار پر تین جملے لکھیے ۔ 3

☆ یوسف :

ڈراما 'بیساکھی' میں یوسف کے کردار کو میں زیادہ پسند کرتا ہوں ۔ کیوں کہ وہ ایک لنگڑا نوجوان ہے، پھر بھی وہ محنتی ہے۔ وہ بازار میں گھڑیوں کی ایک دکان چلاتا ہے۔ وہ اپنی دکان میں خراب گھڑیوں کی مرمت کر کے اور نئی گھڑیاں بیچ کر اپنی زندگی گزارتا ہے۔

☆ گڈّو :

بھکاری گڈّو اس ڈراما کی جان ہے۔ وہ ایک ہٹا کٹا نوجوان ہے، پھر بھی وہ بھیک مانگتے مانگتے اپنی زندگی کاٹتا ہے۔ یوسف سے مل کر وہ محنت مزدوری کی اہمیت سمجھتا ہے۔ گڈّو کے کردار کے ذریعہ اس ڈراما کا پیغام آگے بڑھ کر اختتام پر پہنچتا ہے۔

☆ ماسٹر صاحب :

یوسف کا ماسٹر صاحب اس ڈراما کا ایک اچھا کردا ہے۔ وہ اپنی پرانی گھڑی بار بار مرمت کراتے کراتے استعمال کرتا ہے۔ اس کے ذریعہ وہ ایک چیز کی قدر دانی ہمیں دکھاتا ہے۔ وہ یوسف کو نئی گھڑی کی اصلی قیمت حاصل کرنے کے لیے اصرار کرتا رہتا ہے۔ ہمیں محنت مزدوری سے اس کی قدر دانی اس عمل سے سمجھ سکتے ہیں ۔

3. یہ عبارت غور سے پڑھیے اور اس میں سے تین سوالات تیار کیجیے۔ 3

''پرانے زمانے کی بات ہے کہ اسکاٹ لینڈ میں ایک عیش پسند اور بے وقوف راجا حکومت کرتا تھا۔ وہ اپنے دیس کے لوگوں کی بھلائی کے لیے کچھ بھی نہیں کرتا تھا۔ بوڑھے لوگوں سے انھیں بڑی نفرت تھی۔ ایک دن راجا گھوڑا گاڑی پر سوار ہو کر گلی سے گزر رہا تھا۔ اچانک ایک اندھا بوڑھا گاڑی کے سامنے پڑ گیا۔''

☆ کون عیش پسند اور بے وقوف تھا؟

☆ اسکاٹ لینڈ کا راجا نے بوڑھے لوگوں سے کیسا سلوک کیا؟

☆ اسکاٹ لینڈ کا راجا اپنے دیس کے لوگوں کی بھلائی کے لیے کچھ بھی کیوں نہیں کرتا تھا؟

4. یوسف کے ہاتھ میں بیساکھی دیکھ کر بھکاری گڈّو واپس جانے لگتا ہے۔
بچّو، اس وقت گڈّو کے دل میں کیا کیا خیالات اُبھر آئے ہوں گے؟ تین جملے لکھیے۔ 3

☆ یہ دکان دار بڑا محنتی ہے۔ وہ ایک لنگڑا ہونے کے باوجود میرے جیسے بھیک مانگتا نہیں ہے۔ وہ اپنی عقلمندی کو فائدہ مند بنا تا ہے۔ اب سے میں بھیک نہیں مانگوں گا۔ اس نوجوان کی طرح کسی نہ کسی کام کروں۔ اس نے میرا دل کھول دیا ہے۔ میرے دل کے اندر جلتا ہوا ایک دیا جلا رکھا ہے۔

5. آؤ چٹاناں توڑیں گے ندّی نالے موڑیں گے
پیاسی پیاسی کھیتی ہے کھیت میں پانی جوڑیں گے

بچّو، کھیتی باڑی کی اہمیت پر شاعر نے کیا خوب بیان کیا ہے۔

a) اس شعر کا شاعر کون ہے؟ 1

☆ سلیمان خطیبؔ

b) اس شعر کے ذریعہ شاعر ہم سے کیا کہنا چاہتا ہے؟ 2

☆ ہمارے کھیت کی ساری کھیتی باڑی سوکھی جا رہی ہے۔ ہم پاس کے چٹانوں کو توڑ کر ندّی نالوں کو کھیت کی طرف موڑ دیں۔ تاکہ ہمارے کھیت میں پانی لا سکتے ہیں۔

6. بچّو، کہانی 'اسکاٹ لینڈ کا راجا' آپ نے پڑھی ہے نا؟ اس کہانی کے لیے ایک اور مناسب عنوان لکھیے۔ 2

☆ عیش پسندی کی بے وقوفی

7. پسندیدہ شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے۔ 4

تندرستی ہی کے دم سے زندگی کا ہے وقار
تندرستی گر نہ ہو تو زندگی بنتی ہے بار

☆ یہ شعر خاتون شاعرہ بتول النساء زہرہ کا لکھا ہوا ہے۔ یہ صحت اور تندرستی پر لکھی گئی ایک نظم کا اچھا شعر ہے۔ شاعرہ اس شعر کے ذریعہ ہم سے بتا رہی ہے کہ زندگی کا وقار تندرستی کی وجہ سے ہی ہوتا ہے۔ زندگی میں وقار ملنے کے لیے تندرستی کی بڑی ضرورت ہے۔ اگر تندرستی کم ہو یا نہیں ہوتی تو ہر ایک کی زندگی مشکل زدہ بن جائے گی۔

یا

کاٹو کھیتاں کاٹو رے گھر گھر روٹی باٹو رے

خون پسینہ پیرو رے چاند ستارے کاٹو رے

☆ یہ شعر سلیمان خطیبؔ کا لکھا ہوا ہے۔ یہ ان کا ایک فصل کٹائی لوک گیت سے لیا گیا ہے۔ اس گیت میں شاعر کھیتی باڑی اور محنت مزدوری پر زور دیا ہے۔

شاعر اس شعر میں بتا رہا ہے کہ کھیت میں کھیتی باڑی کریں اور فصل اُگا کر کاٹ لیں۔ پھر یہ سارے لوگوں کے لیے بانٹ دیں۔ اس کی کمائی کے لیے خون پسینہ کر کے محنت کریں اور خوب کمائی حاصل کریں۔

8. ''ماحول کو صاف رکھو بیماری سے بچاؤ''

بچّو، یہ اعلان غور سے پڑھیے۔ اسی طرح ماحولیات کے تحفظ پر کلاس میں نمائش کرنے کے لیے دو نعرے تیار کیجیے۔ 2

☆ کوڑا کرکٹ پھینک نہ دو! صحت کو دور نہ بھگاؤ!!

☆ ماحول کی صفائی سے زندگی بنتی ہے جنّت!!

9. ''تندرستی کے لیے صفائی ضروری ہے۔''

بچّو، اس بات پر آپ کے خیالات لکھیے۔ (کم از کم تین جملے) 3

☆ تندرستی کے لیے صفائی ضروری ہے۔ کیوں کہ صاف ستھرا رہنے سے ہوشیاری مل جاتی ہے۔ ہوشیاری تندرستی کی نشانی ہے۔ تندرستی کے لیے ذاتی صفائی کے ساتھ عوام کی صفائی بھی ہونی چاہیے۔

10. رافیل کے گاؤں کی خوب صورتی دیکھ کر سلیم خوشی خوشی شہر واپس لوٹا۔ گھر پہنچ کر وہ امّی سے باتیں کرنے لگا۔

بچّو، سلیم اور امّی کی گفتگو تیار کیجیے۔ 4

☆ سلیم اور امّی کی گفتگو

سلیم : امّی، امّی! میں آ گیا۔

امّی : ہاں بیٹے۔ کیسا تھا سفر؟

سلیم : کیا کہوں امّی جان! یہ سفر میں کبھی بھول نہیں پاتا۔

امّی : رافیل اور گھر والے کیسے ہیں؟

سلیم : وہ سب ٹھیک ہیں امّی جان۔ وہ کتنے خوش نصیب ہیں!

امّی : کیوں بیٹے؟

سلیم : ان کے گاؤں کا نظارہ کتنا خوب صورت ہے! وہ لوگ اپنے کھانے کے لیے اناج اور ترکاریاں خود پیدا کرتے ہیں۔

امّی : ٹھیک ہے بیٹے ۔ ان کی محنت کا پھل ہم شہر والے کھاتے ہیں ۔

سلیم : امّی ، اگلی بار ہم سب مل کر وہاں جائیں گے ۔

امّی : انشاءاللہ ! ابّا جان سے کہنا ہے ۔

سلیم : جی امّی ! میں آج ہی ان کو فون کروں گا ۔ ابا جان بھی ہمارے ساتھ آئیں ۔

11. نجمہ کہہ رہی ہے کہ ''کڑی دھوپ میں بھی آنگن کے آم کا پیڑ خوب پھولتا پھلتا ہے ۔

a) بچّو ، ہمارے آس پاس پھولنے پھلنے والے دو پیڑوں کے نام لکھیے ۔ 1

☆ کٹھل کا پیڑ ، ناریل کا پیڑ

b) پیڑ سے کیا کیا فائدے ہیں ؟ چار جملوں میں لکھیے ۔ 4

☆ پیڑ زمین کی چھتری ہے ۔ پیڑوں کی کثرت کی وجہ سے ہم کو تازہ اور ٹھنڈی ہوا ملتی ہے ۔ زمین پر مختلف قسم کے پیڑ ہیں ۔ چند پیڑ ہمیں پھل دیتے ہیں ۔ پھول والے پیڑ ہمیں خوش نما نظارے دکھا دیتے ہیں ۔

12. گاؤں کی خوب صورتی دیکھ کر سلیم خوشی خوشی شہر واپس گیا ۔ شکریہ ادا کرتے ہوئے وہ رافیل کے ابّا فرنانڈز کے نام خط لکھنے بیٹھ گیا ۔

بچّو ، خط لکھنے میں سلیم کی مدد کیجیے ۔ 4

☆ فرنانڈز کے نام سلیم کا خط

بنگلور ،

ا رجنوری ۲۰۱۷ء

پیارے ماموں جان ، آداب !

میں راحت سے گھر پہنچ گیا ہوں ۔ آپ کی گھر والوں کی خاطر داری کبھی بھول نہیں سکتا ۔ آپ کے گاؤں کا یہ سفر میری زندگی کی انمول یادیں رہی ہیں ۔ ابھی میں آپ کے گھر والوں کی یاد کر رہا ہوں ۔ ان سے میرا اسلام کہنا ۔ رافیل سے جلد از جلد کالج واپس آنے کو کہیں ۔ میں اس کا انتظار کرنے والا ہوں ۔

اگلی چھٹیوں میں میرے گھر والوں کے ساتھ میں پھر بھی آپ کے گاؤں پہنچوں گا ۔ آپ بھی گھر والوں کے ساتھ ایک بار شہر دیکھنے ہمارے ہاں آئیں ۔

آپ کا پیارا

سلیم

13. خانہ 'الف' کو خانہ 'ب' سے ملایئے۔ 2

☆

| الف | ب |
|---|---|
| نیوزیلینڈ | ماؤوری |
| بیساکھی | ڈراما |
| تندرستی | صفائی |
| پوس کی رات | منشی پریم چند |

☆☆☆

☆ پیارے دوستو! اس کے تعریفی سوالوں کے جوابات حرفِ آخر نہیں سمجھیں۔ ہر ایک اپنے نظریے کے مطابق الگ الگ جواب لکھ سکتا ہے۔ یہ مہم اس ناچیز کی صرف ایک چھوٹی سی کوشش ہے۔ آپ اپنی حاصل کردہ صلاحیتوں کی روشنی میں جداگانہ جوابات تیار کر سکتے ہیں۔ کوشش کریں اور دوستوں کے لیے شیئر کریں!!

آپ کا عزیز دوست
فیصل وفا پرواؔز